DAY: DATE:

کلام اللہ

علم البیان
التشبیہ
(1) أرکانہ

سوال: تشبیہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: تشبیہ سے مراد یہ ہے کہ ایک چیز یا چند چیزوں کو دوسری چیزوں کے ساتھ ایک یا اس سے زائد صفتوں میں مشترک ہو حرف تشبیہ کے ساتھ اب چاہے وہ حرف تشبیہ کاف ہو یا اس جیسا کوئی اور حرف ہو اور چاہے وہ حرف تشبیہ لفظوں میں مذکور ہو یا مذکور نہ ہو بلکہ ملحوظ ہو

سوال: ارکان تشبیہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ نیز یہ بھی بتائیں کہ طرفین تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: ارکان تشبیہ چار ہیں اور وہ یہ ہیں:

1. مشبہ 2. مشبہ بہ 3. أداۃ تشبیہ 4. وجہ تشبیہ

مشبہ اور مشبہ بہ کو طرفین تشبیہ کہتے ہیں

سوال: تشبیہ کے لیے کس چیز کا پایا جانا ضروری ہے؟ کتاب کی روشنی میں بیان کریں

جواب: تشبیہ کے لیے وجہ شبہ کا مشبہ کے مقابلے میں مشبہ بہ میں زیادہ واضح اور قوی طور پر پایا جانا ضروری ہے

(2) اقسام التشبیہ

سوال: تشبیہ مرسل کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس تشبیہ میں أداۃ تشبیہ مذکور ہو اس تشبیہ کو "تشبیہ مرسل" کہتے ہیں

سوال: تشبیہ مؤکد کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس تشبیہ میں اداۃ تشبیہ محذوف ہو اس تشبیہ کو "تشبیہ مؤکد" کہتے ہیں

Scanned with CamScanner

DAY: ______ DATE: ______

سوال: تشبیہ مجمل کسے کہتے ہے؟

جواب: جس تشبیہ میں وجہ شبہ محذوف ہو اس تشبیہ کو "تشبیہ مجمل" کہتے ہے

سوال: تشبیہ مفصل کسے کہتے ہے؟

جواب: جس تشبیہ میں وجہ شبہ مذکور ہو اس تشبیہ کو "تشبیہ مفصل" کہتے ہے

سوال: تشبیہ بلیغ کسے کہتے ہے؟

جواب: جس تشبیہ میں اداۃ تشبیہ اور وجہ شبہ دونوں محذوف ہو اس تشبیہ کو "تشبیہ بلیغ" کہتے ہے

(3) تشبیہ التمثیل

سوال: تشبیہ تمثیل کسے کہتے ہے؟

جواب: جس تشبیہ میں وجہ تشبیہ متعدد چیزوں سے حاصل کی گئی صورت ہو اس تشبیہ کو "تشبیہ تمثیل" کہتے ہے

سوال: تشبیہ غیر تمثیل کسے کہتے ہے؟

جواب: جس تشبیہ میں وجہ تشبیہ مفرد ہو تو اس تشبیہ کو "تشبیہ غیر تمثیل" کہتے ہے

(4) التشبیہ الضمنی

سوال: تشبیہ ضمنی کسے کہتے ہے؟

جواب: جس تشبیہ میں مشبہ اور مشبہ بہ کو تشبیہ کی معروف صورت میں ذکر نہ کیا جائے بلکہ کلام کی ترکیب میں دونوں کو اشارۃً ذکر کیا جائے اس تشبیہ کو "تشبیہ ضمنی" کہتے ہے

سوال: تشبیہ ضمنی کو کس لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: تشبیہ ضمنی کو اس بات کا فائدہ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ مشبہ کی طرف جس حکم کی نسبت کی گئی ہے وہ ممکن ہے۔

Scanned with CamScanner

DAY: ________ DATE: ________

(5) اغراض التشبیہ

سوال: تشبیہ کی کتنی اغراض ہیں ان میں سے پانچ کو بیان کریں۔

جواب: تشبیہ کی کثیر اغراض ہیں ان میں سے پانچ یہ ہیں۔

1. مشبہ کے امکان کو بیان کرنا:

یہ اس وقت ہوتا ہے جب مشبہ کی طرف کسی ایسی انوکھی چیز کی نسبت کی جائے۔ اس کا انوکھا پن اس کی مثال کو ذکر کیے بغیر ختم نہ ہو

2. مشبہ کی حالت کو بیان کرنا:

یہ اس وقت ہوتا ہے جب مشبہ تشبیہ سے پہلے اس صفت کے ساتھ مشہور نہ ہو، تو یہ تشبیہ مذکورہ وصف کے ساتھ اس کے متصف ہونے کا فائدہ دیتی ہے۔

3. مشبہ کی حالت کی مقدار کو بیان کرنا:

یہ اس وقت ہوتا ہے جب مشبہ تشبیہ سے پہلے مذکورہ صفت کے ساتھ اجمالی طور پر معروف و مشہور ہو، اور تشبیہ اس صفت کی مقدار کو بیان کر دیتی ہے

4. مشبہ کی حالت کو پختہ کرنا:

یہ اس وقت ہوتا ہے جب مشبہ کی طرف ایسی چیز منسوب کی جائے جس کو پختہ کرنے کی اور مثال سے وضاحت کرنے کی ضرورت پڑے

5. مشبہ کو خوبصورت انداز میں یا برے انداز میں پیش کرنا:

(6) التشبیہ المقلوب

سوال: تشبیہ مقلوب کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس تشبیہ میں مشبہ کو مشبہ بہ بنا دیا جائے اس دعویٰ کے ساتھ کہ وجہ تشبیہ مشبہ میں زیادہ قوی اور نمایاں ہے

DAY: ______ DATE: ______

الحقیقۃ والمجاز

(7) "المجاز اللغوی"

سوال: مجاز لغوی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو لفظ کسی علاقے اور مناسبت کی وجہ سے اس معنی میں استعمال ہو جس کے لیے اسے وضع نہیں کیا گیا ایسے قرینے کے ساتھ جو حقیقی معنی مراد لینے سے مانع ہو

اور معنی حقیقی و معنی مجازی میں کبھی علاقہ مشابہت کا ہوتا ہے اور کبھی اس کے علاوہ ہوتا ہے۔ اور قرینہ کبھی لفظیہ ہوتا ہے اور کبھی حالیہ ہوتا ہے

(8) "الاستعارۃ التصریحیۃ والمکنیۃ"

سوال: استعارہ کس میں سے ہے اور استعارہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: استعارہ مجاز لغوی میں سے ہے اور اس سے مراد ایسی تشبیہ ہے جس کے دونوں طرف (مشبہ اور مشبہ بہ) میں سے کسی ایک کو حذف کر دیا جائے۔

سوال: استعارہ میں کونسا علاقہ ہوتا ہے؟

جواب: استعارے میں ہمیشہ مشابہت کا علاقہ ہوتا ہے۔

سوال: استعارے کی ابتدائی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ مع تعریفات بیان کریں۔

جواب: استعارے کی ابتدائی دو اقسام ہیں اور وہ یہ ہیں۔

1. استعارہ تصریحیہ 2. استعارہ مکنیہ

1. استعارہ تصریحیہ:

وہ استعارہ جس میں مشبہ بہ کو صراحت کے ساتھ بیان کیا جائے

2. استعارہ مکنیہ:

وہ استعارہ جس میں مشبہ بہ کو حذف کر دیا جائے اور اس کے

Scanned with CamScanner

DAY:________ DATE:________

لوازمات میں سے کسی ایک کے ذریعے اس کی طرف اشارہ کر دیا جائے۔

(9) "تقسیم الاستعارۃ إلی اصلیۃ و تبعیۃ"

سوال: استعارہ اصلیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس لفظ میں استعارہ جاری ہوا ہے اگر وہ اسم جامد ہو تو اسے "استعارہ اصلیہ" کہتے ہیں۔

سوال: استعارہ تبعیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس لفظ میں استعارہ جاری ہوا ہے اگر وہ اسم مشتق یا فعل ہو تو اسے "استعارہ تبعیہ" کہتے ہیں۔

سوال: استعارہ تبعیہ کا قرینہ کیا ہے؟

جواب: استعارہ تبعیہ کا قرینہ استعارہ مکنیہ ہوتا ہے لیکن جب استعارہ تبعیہ اور مکنیہ میں سے کسی ایک میں استعارہ جاری ہو جائے تو دوسرے میں اس کا جاری ہونا جائز نہیں ہوگا۔

(10) "تقسیم الاستعارۃ إلی مرشحۃ و مجردۃ و مطلقۃ"

سوال: استعارہ مرشحہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس استعارے میں مشبہ بہ کے مناسبات کو ذکر کیا جائے اسے "استعارہ مرشحہ" کہتے ہیں۔

سوال: استعارہ مجردہ کسے کہتے ہیں؟

جس استعارے میں مشبہ کے مناسبات کو ذکر کیا جائے اسے "استعارہ مجردہ" کہتے ہیں۔

سوال: استعارہ مطلقہ کسے کہتے ہیں؟

جس استعارے میں نا ہی مشبہ کے مناسبات کو ذکر کیا جائے اور نا ہی مشبہ بہ کے مناسبات کو ذکر کیا جائے اسے "استعارہ مطلقہ" کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

DAY: ________ DATE: ________

سوال: ترشیح اور تجرید کا اعتبار کس وقت کیا جائے گا؟

جواب: ترشیح اور تجرید کا اعتبار اس وقت کیا جائے گا جب استعارہ اپنے قرینہ لفظیہ یا حالیہ سے پورا ہو چکا ہو۔

اس لیے استعارہ تصریحیہ کے قرینے کو تجرید اور مکنیہ کے قرینے کو ترشیح نہیں کہا جاتا۔

(11) "الاستعارة التمثيلية"

سوال: استعارہ تمثیلیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: استعارہ تمثیلیہ ہر اس ترکیب کو کہتے ہیں جو اس معنی میں استعمال ہو جس کے لیے اسے وضع نہیں کیا گیا مشابہت کے علاقے کی وجہ سے اور ساتھ ہی ایسا قرینہ بھی ہو جو حقیقی معنی مراد لینے سے مانع ہو۔

(12) "مجاز مرسل"

سوال: مجاز مرسل کسے کہتے ہیں؟

جواب: مجاز مرسل اس کلمے کو کہتے ہیں جو اپنے معنی حقیقی کے علاوہ معنی میں استعمال کیا جائے مشابہت کے علاوہ کسی علاقے کی وجہ سے اور ساتھ ہی کوئی ایسا قرینہ بھی ہو جو حقیقی معنی مراد لینے سے مانع ہو۔

سوال: مجاز مرسل کے کچھ علاقے بیان کریں۔

جواب: مجاز مرسل کے کچھ علاقے درج ذیل ہیں۔

1. علاقہ سببیت 2. مسببیت 3. جزئیت 4. کلیت

5. اعتبار ما کان (ماضی کا اعتبار) 6. اعتبار ما یکون (مضارع کا اعتبار)

7. علاقہ حالیت 8. علاقہ محلیت

Scanned with CamScanner

DAY:________ DATE:________

(13) "مجاز عقلی"

سوال: مجاز عقلی کسے کہتے ہے؟

جواب: مجاز عقلی اس کلمے کو کہتے ہے جس میں فعل یا معنی فعل کو ایسے فاعل کی طرف منسوب کیا جاتا ہے جو حقیقت میں اس کا فاعل نہیں ہوتا کسی علاقے کی وجہ سے اور ساتھ ہی کوئی ایسا قرینہ بھی پایا جاتا ہے جو نسبت حقیقی کو مراد لینے سے مانع ہوتا ہے

سوال: اسناد مجازی سے کیا مراد ہے؟

جواب: اسناد مجازی سے مراد فعل کو اس کے حقیقی فاعل کی بجائے کسی دوسرے سے منسوب کرنا ہے اس نسبت کی بنیاد مختلف پہلوؤں پر ہو سکتی ہے جیسے فعل کے سبب یا زمان یا مکان یا مصدر کی طرف نسبت یا مبنی للفاعل کی مفعول یا مبنی للمفعول کی فاعل کی طرف نسبت کرنا

(14) "الکنایہ"

سوال: کنایہ کسے کہتے ہے؟

جواب: کنایہ ایسے لفظ کو کہتے ہے جس کو بول کر اس کا لازمی معنی مراد لیا جائے اور ساتھ ہی اس کا اصلی معنی مراد لینا بھی جائز ہو

سوال: مکنی عنہ کے اعتبار سے کنایہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

جواب: مکنی عنہ (وہ چیز جس کی طرف کنایہ کے ذریعے اشارہ کیا جاتا ہے) کے اعتبار سے کنایہ کی تین اقسام ہیں اور وہ یہ ہیں۔

1. کنایہ عن الصفۃ:

اگر مکنی عنہ صفت ہو تو اسے کنایہ عن الصفت کہتے ہے

2. کنایہ عن الموصوف:

اگر مکنی عنہ موصوف ہو تو اسے کنایہ عن الموصوف کہتے ہے

Scanned with CamScanner CamScanner

DAY:______ DATE:______

3. کنایہ عن النسبۃ:

اگر معنی عنہ نسبت ہو تو اسے کنایہ عن النسبۃ کہتے ہے۔

(1) "علم البدیع"

سوال: علم بدیع کی تعریف اور اس کے محاسن کی اقسام بیان کریں۔

جواب: علم بدیع کی تعریف:

ایسا علم جس میں کلام کو خوبصورت اور دلکش بنانے کے طریقوں کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔

علم بدیع کے محاسن کی اقسام:

علم بدیع دو قسم کے محاسن پر مشتمل ہوتا ہے اور وہ یہ ہیں۔

1. محسنات لفظیہ 2. محسنات معنویہ

1. محسنات لفظیہ:

وہ خوبیاں جو الفاظ کی ترتیب، آواز یا دیگر لفظی پہلوؤں سے متعلق ہو

2. محسنات معنویہ:

وہ خوبیاں جو معانی کے حسن اور دلکشی سے متعلق ہو

المحسنات اللفظیۃ

(2) "الجناس"

سوال: جناس سے کیا مراد ہے؟

جواب: جناس سے مراد دو لفظوں کا بولنے میں متشابہ (ایک جیسا) ہونا اور معنی میں مختلف ہونا ہے

Scanned with CamScanner

DAY: ______ DATE: ______

سوال: جناس کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

جواب: جناس کی دو اقسام ہیں اور وہ یہ ہیں

1. جناس تام 2. جناس غیر تام

1. جناس تام:

وہ جناس جس میں دونوں لفظ ان چار امور (حروف کی نوع، شکل عدد اور ترتیب) میں متفق ہو۔

2. جناس غیر تام:

وہ جناس جس میں دونوں لفظ ان چار امور میں سے کسی ایک میں مختلف ہو۔

(3) "الاقتباس"

سوال: اقتباس سے کیا مراد ہے؟ نیز یہ بھی بتائے کہ اقتباس کیے ہوئے اثر میں تھوڑی تبدیلی کی جا سکتی ہے؟

جواب: اقتباس سے مراد وہ کلام ہے جو نثر یا شعر میں قرآن پاک یا حدیث کے کچھ حصے کو شامل کر لیا جائے اور یہ صراحت نہ کی جائے کہ یہ قرآن یا حدیث کا حصہ ہے۔ اور اقتباس کیے ہوئے اثر میں تھوڑی تبدیلی کر سکتے ہیں۔

(4) "السجع"

سوال: سجع کسے کہتے ہیں؟ نیز یہ بھی بتائیں سب سے بہتر سجع کونسی ہے؟

جواب: دو فاصلوں کے آخری حرف میں موافق ہونے کو سجع کہتے ہیں اور سب سے بہتر سجع وہ ہے جسکے فقرے برابر ہو۔

Scanned with CamScanner

DAY: ________ DATE: ________

المحسنات المعنوية

التورية

سوال: توریہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: توریہ سے مراد ہے۔ ایک مفرد لفظ کو ذکر کیا جائے جس کے دو معنی ہوں ایک قریبی جو ظاہر ہو لیکن مراد نہ ہو اور دوسرا بعید ہو جو خفی ہو اور یہی مراد ہو۔

الطباق

سوال: طباق کسے کہتے ہیں؟

جواب: کلام میں ایک چیز کو اس کی ضد کے ساتھ جمع کرنے کو طباق کہتے ہیں

سوال: طباق کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

جواب: طباق کی دو اقسام ہیں اور وہ یہ ہیں۔

1. طباق ایجاب 2. طباق سلب

1. طباق ایجاب:

وہ طباق جس میں دو ضدیں ایجاب و سلب میں مختلف نہ ہو

2. طباق سلب:

وہ طباق جس میں دو ضدیں ایجاب و سلب میں مختلف ہو۔

المقابلة

سوال: مقابلہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: دو یا زیادہ معانی کو لا کر پھر ان کے مقابلے معانی ترتیب وار لانے کو مقابلہ کہتے ہیں

DAY: ______ DATE: ______

حسن التعلیل

سوال: حسن تعلیل سے کیا مراد ہے؟

جواب: حسن تعلیل سے مراد یہ ہے۔ ادیب صراحتاً یا ضمناً کسی چیز کی معروف علت کا انکار کرے اور ایسی انوکھی ادبی علت لائے جو اس کی غرض کے مناسب ہو جس کا وہ قصد کر رہا ہے۔

تاکید المدح بما یشبہ الذم و عکسہ

سوال: تاکید المدح بما یشبہ الذم کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

جواب: تاکید المدح بما یشبہ الذم کی دو اقسام ہیں اور وہ یہ ہیں۔

1. مذمت کی منفی صفت سے مدح کی صفت کا استثناء کرنا

2. کسی چیز کے لیے مدح کی صفت ثابت کرنا اور بعد میں حرف استثناء لاکر اس کے بعد مدح کی دوسری صفت لانا۔

سوال: تاکید الذم بما یشبہ المدح کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

جواب: تاکید الذم بما یشبہ المدح کی دو اقسام ہیں اور وہ یہ ہیں۔

1. مدح کی منفی صفت سے مذمت کی صفت کا استثناء کرنا۔

2. کسی چیز کے لیے مذمت کی صفت ثابت کرنا اور بعد میں حرف استثناء لاکر اس کے بعد مذمت کی دوسری صفت لانا۔

Scanned with CamScanner